محمد عربی (سیرتِ پاک)
مؤلف: محمد عنایت اللہ سبحانی اصلاحی
ناشر: اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ لاہور
ضخامت: درسی سائز کے پونے پانچ سو صفحات
قیمت: ۱۶ روپے ۵۰ پیسے

نبیؐ پاک کی سیرت پر یہ ایک مختصر اور عام فہم کتاب ہے۔ یہ عورتوں، بچوں اور متوسط خواندہ لوگوں کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔ سیرت پاک کو ذریعۂ دعوت بنانے کے لیے جو کتابیں لکھی گئی ہیں، "محمد عربی" (صلی اللہ علیہ وسلم) بھی بھی اُن میں سے ایک ہے۔
زبان میں ادبیت ہے، مگر بھاری بھرکم قسم کی نہیں۔ انداز بیان کہیں مکالماتی ہے، کہیں اس میں خفیف سا ڈرامائی رنگ آجاتا ہے۔ اس وجہ سے ایک خاص دلچسپی اس میں ہے۔ باوجود اختصار کے ضروری معلومات، واقعات کی تاریخیں اور اُن سے متعلق اشخاص کے نام وغیرہ شامل ہیں۔

میری رائے میں یہ ایک اچھی کوشش ہے۔ طباعتی معیار بہت اچھا ہے۔

جلوۂ فاراں (سیرتِ پاک)
مؤلف: محمد عنایت اللہ سبحانی اصلاحی
ناشر: اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ لاہور
ضخامت: ۳۳۳ صفحات
قیمت: ۱۵/ روپے

اس کتاب کو مندرجہ بالا کتاب (محمد عربی) کا دوسرا حصہ تو نہیں کہا جاسکتا۔ مگر یہ اسی کا استدراک ہے۔ "محمد عربی" میں جن پہلوؤں سے کوئی تشنگی رہ گئی تھی، ان کو "جلوۂ فاراں" میں پورا کیا گیا ہے۔ نیز اوّل الذکر کا زیادہ تر زور مکی دَور پر ہے۔ مگر اس کتاب میں مدنی دَور کے بہت سے پہلو تفصیل سے اُجاگر ہوگئے ہیں۔ خاص قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ مؤلف کو نقش ثانی تیار کرنے سے پہلے سیرت سے متعلق عربی کے کچھ جدید لٹریچر کے مطالعہ کا موقع ملا۔ "جلوۂ فاراں" میں ادبی رنگ اور کہانی کا سا مکالماتی اور ڈرامائی عنصر زیادہ نمایاں ہے۔

طباعتی معیار اس کتاب کا بھی اوّل الذکر کے مطابق ہے۔